Armaan Technologies

A Unit of Al-Firdous Foundation (India)

Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad

M.A (Islamic Studies, ODL) – 1st Year, Question Papers [2020 - 2021]

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

ایم اے (اسلامک اسٹڈیز) – سال اول، سوالیہ پرچے [2020 - 2021]

Total 8 Papers in 1st Year of MANUU M.A (Islamic Studies) – ODL مانو، ایم اے (اسلامک اسٹڈیز) - فاصلاتی تعلیم، سال اول میں کُل 8 پرچے ہیں۔		
1	Life of the Prophet and the Pious Caliphate	سیرت نبوی ﷺ اور خلافت راشدہ
2	The Qur'an and Hadith	قرآن اور حدیث
3	Islam and Modern Issues	اسلام اور جدید مسائل
4	The Umayyad Period	عہد بنو اُمیہ
5	Islamic Law and Islamic Mysticism	فقہ اور تصوف
6	The Abbasids and the Petty Dynasties	عہد عباسی اور چھوٹی خاندانی حکومتیں
7	Islam in India	اسلام ہندوستان میں
8	Islamic Thoughts and Ideologies	اسلامی افکار و نظریات

ایم-اے اسلامک اسٹڈیز ، سال اول

پہلا پرچہ : سیرت نبوی ﷺ اور خلافت راشدہ

M.A Islamic Studies: Paper 1 : Life of the Prophet and the Pious Caliphate

سالانہ امتحان ، 2020 (منعقدہ اگست، 2021)

Time : 3 hrs | **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. آپ ﷺ کی پیدائش قریش کے کس خاندان میں ہوئی تھی؟

a) بنوامیہ b) بنوہاشم c) بنوتمیم d) بنوعدی

ii. حضرت خدیجہؓ اور ابوطالب کے انتقال کے سال کو کیا کہتے ہیں؟

a) عام الوفود b) عام الحرب c) عام الحزن d) عام العرب

iii. صلح حدیبیہ کس سن ہجری میں ہوئی؟

a) 6 b) 7 c) 8 d) 9

iv. ذوالنورین کس خلیفہ کا لقب ہے؟

a) حضرت ابوبکرؓ b) حضرت عمرؓ c) حضرت عثمانؓ d) حضرت علیؓ

v. حضرت محمد ﷺ پر نزول وحی کی ابتداء کس سن عیسوی میں ہوئی تھی؟

a) 590 b) 610 c) 622 d) 632

vi. جنگ نہروان کس کے خلاف لڑی گئی تھی؟

a) شیعہ b) یہودی c) خوارج d) عیسائی

vii. جنگ یمامہ کس خلیفہ کے عہد میں ہوئی تھی؟

a) حضرت ابوبکرؓ b) حضرت عمرؓ c) حضرت عثمانؓ d) حضرت علیؓ

viii. مصر کس کے عہد میں فتح ہوا تھا؟

a) حضرت عثمانؓ b) امیر معاویہؓ c) ہارون رشید d) حضرت عمرؓ

ix. اسلامی تاریخ میں بحری فوج سب سے پہلے کس خلیفہ نے بنائی تھی؟

a) حضرت عثمانؓ b) حضرت علیؓ c) امیر معاویہؓ d) حضرت عمرؓ

x. جنگ صفین کن کے درمیان ہوئی تھی؟

a) حضرت علیؓ۔حضرت عائشہؓ b) حضرت زبیرؓ۔امیر معاویہؓ c) حضرت علیؓ۔حجاج بن یوسف d) حضرت علیؓ۔امیر معاویہؓ

حصہ دوم

2. اسلام سے پہلے عربوں کے مذہبی حالات بیان کیجیے۔

3. حضرت ابوبکرؓ کے عہد خلافت میں جمع وتدوین قرآن پر روشنی ڈالیے۔

4. ہجرت حبشہ سے متعلق اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

5. حضرت محمد ﷺ کی ماقبل بعثت کی زندگی کے اہم واقعات مختصراً بیان کیجیے۔

6. فتح مکہ پر ایک نوٹ لکھیے۔

7. غزوہ خندق کو مختصراً بیان کیجیے۔

8. حضرت علیؓ کی حیات پر مختصر مضمون لکھیے۔

9. مدینہ میں انصار ومہاجر کے بھائی چارہ کو بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10. غزوہ بدر کے اسباب ونتائج بیان کیجیے۔اس سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

11. حضرت محمد ﷺ کی بعثت کے بعد کی مکی زندگی پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔

12. حضرت عمرؓ کی حیات پر روشنی ڈالتے ہوئے اسلامی ریاست میں ان کے اہم کاموں کو مفصل بیان کیجیے۔

13. ’حضرت محمد ﷺ کی سیرت طیبہ عالم انسانیت کے لیے اسوہ ہے‘۔ کیسے بیان کیجیے۔

14. عہد خلافت راشدہ کے انتظامی احوال پر ایک مضمون لکھیے۔

☆☆☆

ایم-اے اسلامک اسٹڈیز ' سال اول

دوسرا پرچہ : **قرآن اور حدیث**

M.A Islamic Studies Paper 2 : The **Qur'an and Hadith**

سالانہ امتحان ، 2020 (منعقدہ اگست، 2021)

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. جامع البیان فی تفسیر القرآن کے مصنف کا نام بتایئے۔

(a) امام رازی (b) امام زمخشری (c) امام طبری (d) امام بیضاوی

ii. جامع ترمذی کس فن کی کتاب ہے؟

(a) تفسیر (b) حدیث (c) فلسفہ (d) تصوف

iii. حدیث مرفوع کی نسبت کس کی جانب ہوتی ہے؟

(a) نبی ﷺ کی طرف (b) صحابیؓ کی طرف (c) تابعی کی طرف (d) تبع تابعی کی طرف

iv. اردو تفسیر بیان القرآن کس نے لکھی؟

(a) ابوالکلام آزاد (b) سید علی نقوی (c) پیر کرم شاہ (d) اشرف علی تھانوی

v. امام احمد حسن صاغانی کس علم میں مشہور ہیں؟

(a) قرآن (b) فقہ (c) حدیث (d) علم کلام

vi. امام بخاریؒ کا اصلی نام کیا ہے؟

(a) محمد بن اسماعیل (b) محمد بن موسیٰ (c) احمد بن شعیب (d) محمد بن یزید

vii. صحیحین حدیث کی کن کتابوں کو کہتے ہیں؟

(a) ترمذی اور مسلم (b) بخاری اور مسلم (c) بخاری اور ابوداؤد (d) نسائی اور ابن ماجہ

viii. آپ ﷺ کے پاس وحی لانے والے فرشتے کا نام بتائیے۔

(a) حضرت جبرئیلؑ (b) حضرت میکائیلؑ (c) حضرت عزرائیلؑ (d) حضرت اسرافیلؑ

ix. جامع القرآن کس خلیفہ کا لقب ہے؟

(a) حضرت ابوبکرؓ (b) حضرت عمرؓ (c) حضرت عثمانؓ (d) حضرت علیؓ

x. حدیث میں تقریر کا اصل معنی کیا ہے؟

(a) خبر دینا (b) روکنا (c) حاصل کرنا (d) برقرار رکھنا

حصہ دوم

2۔ حدیث کی تعریف بتائیے اور ہندوستان میں علم حدیث کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

3۔ حدیث کی حفاظت واشاعت کے سلسلے میں صحابہ کرامؓ کی کوششوں کا جائزہ لیجیے۔

4۔ حضرت ابوبکرؓ کے عہد خلافت میں جمع وتدوین قرآن پر ایک نوٹ لکھیے۔

5۔ قرآن کے بنیادی مضمون توحید سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

6۔ قرآن مجید کی موجودگی میں حدیث کی ضرورت واہمیت واضح کیجیے۔

7۔ حدیث کی قسمیں (صحیح، حسن اور ضعیف) کی تعریف بیان کیجیے۔

8۔ قرآن کریم کی سیاسی تعلیمات پر روشنی ڈالیے۔

9۔ صحیح بخاری کا تعارف کرائیے اور اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی حیات اور ان کی تفسیر کی خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔

11۔ تفسیر کا معنی ومفہوم بتائیے اور عہد نبوی اور خلافت راشدہ میں تفسیر کے ارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

12۔ عبدالحق محدث دہلوی کی حیات اور علوم حدیث میں ان کی خدمات بیان کیجیے۔

13۔ جاراللہ زمخشری کی حیات اور ان کی تفسیر پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

14۔ امام مسلمؒ کی حیات اور علم حدیث میں ان کی خدمات تحریر کیجیے۔

☆☆☆

ایم-اے اسلامک اسٹڈیز ، سال اول
تیسرا پرچہ : اسلام اور جدید مسائل
M.A Islamic Studies : Paper 3 : Islam and Modern Issues
سالانہ امتحان ، 2020 (منعقدہ اگست، 2021)

Time : 3 hrs — Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. ان میں سے کون بنیادی انسانی حقوق میں شامل ہیں؟

(a) زندگی کا تحفظ (b) عدل وانصاف کا حق (c) آزادی کا حق (d) یہ سارے

ii. ان میں سے کونسا مقام عہد رسالت میں تعلیمی مرکز تھا؟

(a) دارارقم (b) صفہ (c) مسجد نبوی (d) یہ سارے

iii. خواتین کا بنیادی حق کیا ہے؟

(a) طلاق کا حق (b) عزت وآبرو کا تحفظ (c) دونوں درست ہیں (d) دونوں غلط ہیں

iv. رعایا اور حکمراں قانون کی نظر میں کیا ہیں؟

(a) برابر نہیں ہیں (b) برابر ہیں (c) حکمراں کو رعایت حاصل ہے (d) عوام کو رعایت حاصل ہے

v. ان میں سے کون اسلامی حقوق انسانی کا منشور ہے؟

(a) خطبۂ حجۃ الوداع (b) میثاق مدینہ (c) حلف الفضول (d) صلح حدیبیہ

vi. ماحولیاتی توازن کو متاثر کرنے والی چیزیں کیا ہیں؟

(a) جنگلات کی کٹائی (b) کارخانوں کے فضلات کا بہاؤ (c) زہریلی گیسوں کا اخراج (d) مذکورہ تمام

vii. اسلام میں علم کے تعلق سے کیا فرض ہے؟

(a) حصول فرض ہے (b) اشاعت فرض ہے (c) سکھانا فرض ہے (d) سب درست ہیں

viii. حقوق انسانی کا عالمی دن کب منایا جاتا ہے؟

(a) 8 نومبر (b) 10 دسمبر (c) 26 جنوری (d) 15 اگست

ix. خواتین کا میراث میں کتنا حصہ ہے؟

(a) مردوں سے کم (b) مردوں سے زیادہ (c) مردوں کے برابر (d) کچھ بھی نہیں

x. ماحولیات کی حفاظت کس کے ذریعہ ہوتی ہے؟

(a) جنگلوں کی کٹائی (b) زیادہ پانی کا استعمال (c) درخت لگانا (d) شوروغل کرنا

حصہ دوم

2۔ اظہاررائے کی آزادی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

3۔ خواتین کی تعلیم کے بارے میں اسلامی موقف کی وضاحت کیجیے۔

4۔ ماحولیات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اسلام میں ماحولیات کی اہمیت پرروشنی ڈالیے۔

5۔ مساوات کے تعلق سے اسلامی تعلیمات بیان کیجیے۔

6۔ اسلام میں خواتین کے مقام ومرتبہ پرروشنی ڈالیے۔

7۔ ماحولیات کی حفاظت کے سلسلے میں اسلامی تعلیمات بیان کیجیے۔

8۔ اسلام نے مذہبی آزادی کا کیا تصور پیش کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

9۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں خواتین کے بنیادی حقوق پرایک مختصرنوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

10۔ عصری تعلیم کے حوالے سے اسلام کے موقف کو بیان کیجیے۔

11۔ حقوق انسانی کے تعلق سے اسلام کے بنیادی تصورات پرایک مضمون لکھیے۔

12۔ تعلیم کے اسلامی تصورکوتفصیل سے بیان کیجیے۔

13۔ آلودگی کی مختلف صورتیں بیان کیجیےاوران سے بچنے کی اسلامی تعلیمات پرروشنی ڈالیے۔

14۔ خواتین کے خصوصی حقوق اوررعایتوں پرایک مختصرمضمون لکھیے۔

☆☆☆

ایم-اے اسلامک اسٹڈیز ' سال اول

چوتھا پرچہ : عہد بنوامیہ

M.A Islamic Studies : Paper 4 : Umayyad Period

سالانہ امتحان ، 2020 (منعقدہ اگست، 2021)

Time : 3 hrs — Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**

2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**

3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. حضرت ابن زبیر اور بنوامیہ کے درمیان کہاں جنگ ہوئی تھی؟

(a) ذات السلاسل (b) بلاط الشہداء (c) مرج دابق (d) مرج راہط

ii. عہد بنوامیہ (دمشق) میں کتنے حکمرانوں نے حکومت کی تھی؟

(a) 12 (b) 22 (c) 24 (d) 14

iii. مسجد نبوی کی توسیع کس اموی حکمران نے کروائی تھی؟

(a) سلیمان بن عبدالملک (b) عبدالملک بن مروان (c) ولید بن عبدالملک (d) عمر دوم

iv. عہد بنوامیہ (دمشق) میں نظم ونسق کو کتنے بنیادی حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا؟

(a) نو (b) پانچ (c) دو (d) تین

v. عہد بنوامیہ میں ''دیوان الخاتم'' کا سربراہ کیا کہلاتا تھا؟

(a) حاجب (b) کاتب (c) امیر (d) والی

vi. عہد بنوامیہ میں ''صوبے دار'' کیا کہلاتا تھا؟

(a) امیر (b) والی (c) صاحب الشرطہ (d) عامل

vii. زرعی زمین پر لیا جانے والا محصول کیا کہلاتا ہے؟

(a) خراج (b) جزیہ (c) فی ء (d) تمام غلط

viii. مشہور کتاب ''المقدمۃ'' کس کی تالیف ہے؟

(a) ابن خلدون (b) ابن طفیل (c) ابن بیطار (d) ابن رشد

ix. اموی (الاندلس) کا دارالحکومت کہاں تھا؟

(a) قرطبہ (b) غرناطہ (c) طلیطلہ (d) مراکش

x. کتاب ''الفلاحۃ'' کس کی تالیف ہے؟

(a) ابن العوام (b) ابن قوطیہ (c) عبدالواحد مراکشی (d) تمام غلط

حصہ دوم

2- اموی حکومت (دمشق) کے قیام پر روشنی ڈالیے۔

3- ولید بن عبدالملک پر ایک نوٹ لکھیے۔

4- عمر بن عبدالعزیز کے دورِ خلافت پر گفتگو کیجیے۔

5- اندلس میں مسلمانوں کے نظامِ عدالت پر ایک نوٹ لکھیے۔

6- عبدالرحمٰن الداخل کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

7- عبدالرحمٰن الثالث (الناصر) کے کرداروں پر نوٹ لکھیے۔

8- اندلس میں بنوامیہ کے زوال کے اسباب پر بحث کیجیے۔

9- عہدِ بنوامیہ (اندلس) کے سماجی حالات کا جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10- امیر معاویہ کے اہم کارناموں کا تفصیل سے جائزہ لیجیے۔

11- عہدِ بنوامیہ (دمشق) کے نظم و نسق پر روشنی ڈالیے۔

12- دورِ بنوامیہ (دمشق) میں فتوحاتِ اسلامیہ پر ایک مضمون لکھیے۔

13- فتح اندلس پر اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

14- عہدِ اندلس میں علوم و فنون کے میدان میں نامور سائنس دانوں کا ذکر ملتا ہے۔ ان شخصیات کے علمی کارناموں کو بیان کیجیے۔

☆☆☆

ایم-اے اسلامک اسٹڈیز ' سال اول

پانچواں پرچہ : فقہ اور تصوف

M.A Islamic Studies : Paper 5 : Islamic Law and Islamic Mysticism

سالانہ امتحان ، 2020 (منعقدہ اگست، 2021)

Marks : 70

Time : 3 hrs

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔
(10 x 1 = 10 Marks)

2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔
(5 x 6 = 30 Marks)

3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔
(3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال : 1

i. امام ابوحنیفہ کا اصل نام بتائیے؟

(a) حسان بن ثابت (b) محمد بن حسن (c) نعمان بن ثابت (d) بشیر بن نعمان

ii. کشف المحجوب کے مصنف کا نام بتائیے؟

(a) شہاب الدین سہروردی (b) شیخ علی بن عثمان ہجویری (c) معین الدین چشتی (d) نظام الدین اولیا

iii. شیخ عبدالقادر جیلانی کی ولادت کس سن عیسوی میں ہوئی؟

(a) 1102 (b) 1098 (c) 1078 (d) 1108

iv. بابا فریدالدین کس صوفی سلسلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

(a) شاذلیہ (b) فردوسیہ (c) قادریہ (d) چشتیہ

v. سلسلہ نقشبندیہ کے بانی کا نام بتائیے؟

(a) ابواسحاق شامی (b) شیخ ابوالحسن علی (c) خواجہ بہاءالدین محمد (d) نظام الدین

vi. کتاب الام کس فن کی کتاب ہے؟

(a) حدیث (b) فقہ (c) تصوف (d) علم کلام

vii. اجماع کا معنی بتائیے؟

(a) اتفاق کرنا (b) اندازہ کرنا (c) بیان کرنا (d) سمجھنا

viii. کتاب الخراج کس فقہی مسلک کی کتاب ہے؟

(a) شافعی (b) مالکی (c) حنبلی (d) حنفی

ix. امام غزالی کی کتاب کا نام بتائیے؟

(a) احیاء علوم الدین (b) کتاب الشفاء (c) المدونہ (d) کتاب التصریف

x. فقہ کے بنیادی مصادر کتنے ہیں۔

(a) چار (b) تین (c) چھ (d) آٹھ

حصہ دوم

2۔ فقہ اسلامی کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

3۔ ہندوستان میں سلسلہ چشتیہ کی اشاعت پر ایک مضمون لکھیے۔

4۔ مقاصد شریعت پر نوٹ لکھیے۔

5۔ حنفی مسلک پر ایک مضمون لکھیے۔

6۔ جنید بغدادی کی حیات اور تصوف میں ان کی خدمات کو نمایاں کیجیے۔

7۔ چاروں فقہی مسالک کی بنیادی کتابوں کا تعارف پیش کیجیے۔

8۔ فقہی مسالک کی تشکیل کے پس منظر سے متعلق اپنی معلومات تحریر کیجیے۔

9۔ تصوف کی کتاب عوارف المعارف کی اہمیت پر ایک نوٹ قلم بند کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ تصوف سے کیا مراد ہے؟ اس کی تاریخ کے اہم ادوار پر تفصیلی مضمون قلم بند کیجیے۔

11۔ فقہ شافعی اور اس کی خصوصیات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

12۔ تصوف کے آغاز وارتقاء پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

13۔ خواجہ حسن بصری کی حیات اور تصوف میں ان کے رول پر گفتگو کیجیے۔

14۔ فقہی اختلاف کی وجوہات بیان کرتے ہوئے فقہی مسالک کی حیثیت پر ایک تعارفی نوٹ لکھیے۔

☆☆☆

ایم-اے اسلامک اسٹڈیز ' سال اول

چھٹواں پرچہ : عہد عباسی اور چھوٹی خاندانی حکومتیں

M.A Islamic Studies : Paper 6 : The Abbasids and the Petty Dynasties

سالانہ امتحان ، 2020 (منعقدہ اگست، 2021)

Time : 3 hrs | Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**

2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**

3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. کتاب المناظر کس کی تصنیف ہے؟

(a) ابن الہیثم (b) ابن النفیس (c) ابن سینا (d) ابن یونس

ii. ابو جعفر منصور کے دور میں کون سا شہر تعمیر ہوا؟

(a) سامرا (b) بغداد (c) کوفہ (d) بصرہ

iii. بیت الحکمہ کا قیام کس عباسی خلیفہ کے ہاتھوں عمل میں آیا؟

(a) مقتدر (b) مامون (c) مستنصر (d) جعفر

iv. خاندان برامکہ کا تعلق کس حکومت سے تھا؟

(a) فاطمی (b) سلجوقی (c) اموی (d) عباسی

v. عین جالوط کی جنگ میں کس مملوک بادشاہ نے منگولوں کو شکست دی تھی؟

(a) اشرف خلی (b) ظاہر بیبرس (c) ناصر محمد (d) قلاؤن

vi. کس فاطمی حکمراں نے قاہرہ کو اپنا دارالخلافہ بنایا تھا؟

(a) عبیداللہ (b) العزیز باللہ (c) المستنصر باللہ (d) المعزلدین اللہ

vii. دارالحکمہ کا قیام کس حکومت کے عہد میں عمل میں آیا؟

(a) فاطمی (b) طاہری (c) صفوی (d) عثمانی

viii. فیلسوف عرب کسے کہا جاتا ہے؟

(a) الزہراوی (b) ذکریا رازی (c) ابن سینا (d) یعقوب ابن اسحاق الکندی

ix. کتاب القانون کے مصنف کا نام بتایئے۔

(a) ابن سینا (b) ابن النفیس (c) ابن الہیثم (d) جاحظ

x. صلاح الدین ایوبی نے بیت المقدس کو کس سن عیسوی میں فتح کیا؟

(a) 1178ء (b) 1187ء (c) 1192ء (d) 1168ء

حصہ دوم

2۔ فاطمی حکومت کے قیام پر روشنی ڈالیے۔

3۔ مملوک سلطان ظاہر بیبرس کے کارناموں پر ایک مضمون لکھیے۔

4۔ ابو جعفر منصور کے دور خلافت پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

5۔ ایوبی حکومت کے قیام و استحکام پر بحث کیجیے۔

6۔ عباسی عہد کے سماجی و معاشرتی حالات پر نوٹ لکھیے۔

7۔ برجی مملوک حکومت سے متعلق اپنی معلومات تحریر کیجیے۔

8۔ ہارون رشید کی حیات اور دور خلافت پر تبصرہ کیجیے۔

9۔ مملوک دور حکومت کی علمی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10۔ عباسی حکومت کے قیام و ارتقاء پر جامع مضمون قلم بند کیجیے۔

11۔ عباسی عہد میں علوم و فنون کے ارتقاء میں مامون رشید کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

12۔ فاطمی دور کی علمی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

13۔ صلیبی جنگوں کے اسباب و پس منظر پر روشنی ڈالیے۔

14۔ سلطان صلاح الدین ایوبی کی حیات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کے کارناموں پر تبصرہ کیجیے۔

☆☆☆

ایم-اے اسلامک اسٹڈیز ' سال اول

ساتواں پرچہ : اسلام ہندوستان میں

M.A Islamic Studies Paper 7 : Islam in India

سالانہ امتحان ، 2020 (منعقدہ اگست، 2021)

Time : 3 hrs — Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. فتح سندھ کے وقت وہاں کا راجہ کون تھا؟

(a) راجہ جے چند (b) راجہ دسراج (c) راجہ داہر (d) راجہ دھرسیہ

ii. تھانہ بندرگاہ ہندوستان کے کس سمت واقع ہے؟

(a) مشرق (b) مغرب (c) شمال مشرق (d) جنوب

iii. محمود گاواں کا تعلق کس حکومت سے ہے؟

(a) بہمنی (b) عادل شاہی (c) نظام شاہی (d) قطب شاہی

iv. دکن کس بادشاہ کے دور میں دہلی سلطنت سے الگ ہوا؟

(a) فیروز شاہ تغلق (b) محمد تغلق (c) علاؤالدین خلجی (d) بہلول لودھی

v. ایبک کس کا غلام تھا؟

(a) سبکتگین (b) غزنوی (c) غوری (d) التمش

vi. مدرسہ ناصریہ کس نے قائم کیا؟

(a) قطب الدین ایبک (b) شمس الدین التمش (c) ناصر الدین محمود (d) رضیہ سلطان

vii. ہمایوں کا مقبرہ کس نے تعمیر کروایا؟

(a) حمیدہ بانو بیگم (b) شاہ جہاں بیگم (c) نور جہاں بیگم (d) ان میں سے کوئی نہیں

viii. بہمنی حکومت کا پہلا دارالحکومت کونسا ہے؟

(a) بیجاپور (b) بیدر (c) گولکنڈہ (d) گلبرگہ

ix. 'آئینِ اکبری' کے مصنف کون ہیں؟

(a) ابوالفضل (b) عبدالقادر بدایونی (c) شیخ مجدد الف ثانی (d) شاہ ولی اللہ

x. عادل شاہی حکومت کا دارالحکومت کونسا ہے؟

(a) وجیانگر (b) گلبرگہ (c) بیجاپور (d) بیدر

حصہ دوم

2۔ ہندوستان میں ابتدائی مسلم آبادیاں کہاں کہاں قائم ہوئیں؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

3۔ سندھ کی فتح پر گفتگو کیجیے اور وہاں حکومت کے نظم ونسق پر روشنی ڈالیے۔

4۔ اشاعت اسلام میں صوفیاء کرام کے کردار کو واضح کیجیے۔

5۔ دہلی سلطنت کے قیام پر گفتگو کرتے ہوئے خاندان غلاماں کا تعارف کرائیے۔

6۔ بہمنی سلطنت کے نظم ونسق اور تعمیرات کا جائزہ لیجیے۔

7۔ قطب شاہی دور کا تعارف کرائیے اور ان کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

8۔ مغلیہ حکومت کے استحکام میں جلال الدین اکبر کے رول پر گفتگو کیجیے۔

9۔ مغل دور حکومت میں نظام عدل کی تفصیل بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ مغلیہ دور میں سماجی تنظیم کس طرح قائم تھی؟ جائزہ لیجیے اور سماجی ومذہبی حالات بیان کیجیے۔

11۔ ہندوستان میں مغل حکومت کے قیام واستحکام پر گفتگو کرتے ہوئے اس کے نظم ونسق کو نمایاں کیجیے۔

12۔ دکن کی بہمنی حکومت کا تعارف کرائیے اور اس کے بعد قائم ہونے والی علاقائی حکومتوں پر روشنی ڈالیے۔

13۔ دہلی سلطنت کے دور کی علمی وادبی خدمات کا تفصیلی تعارف کرائیے۔

14۔ سندھ میں عربوں کی حکومت کا تعارف کرائیے اور اس کے مختلف ادوار پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆

ایم-اے اسلامک اسٹڈیز ' سال اول

آٹھواں پرچہ : اسلامی افکارونظریات

M.A Islamic Studies : Paper 8 : Islamic Thoughts and Ideologies

سالانہ امتحان ، 2020 (منعقدہ اگست، 2021)

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. ابن خلدون کا تعلق کہاں سے ہے؟

(a) حجاز (b) مصر (c) تیونس (d) یمن

ii. ارتفاق کی اصطلاح کس نے استعمال کی ہے؟

(a) علی شریعتی (b) شاہ ولی اللہ (c) ابن خلدون (d) ابن حزم

iii. امام محمد کی کتاب السیر کس موضوع پر ہے؟

(a) بین الاقوامی تعلقات (b) سماجی تعلقات (c) معاشی تعلقات (d) اخلاقی تعلیمات

iv. الاحکام السلطانیہ کس کی کتاب ہے؟

(a) جمال الدین افغانی (b) ابونصر فارابی (c) ابن خلدون (d) ابوالحسن ماوردی

v. جمال الدین افغانی کے مشہور رسالہ کا نام کیا ہے؟

(a) العروۃ الوثقی (b) المعارف (c) المنار (d) الرشید

vi. تکافل کس معاشی سرگرمی کا متبادل ہے؟

(a) نوکری (b) مضاربت (c) انشورنس (d) مرابحہ

vii. ذیل میں سے کس کو اسلام نے حرام کیا ہے؟

(a) سود (b) رشوت (c) ذخیرہ اندوزی (d) یہ سارے

viii. مکارم اخلاق کسے کہتے ہیں؟

(a) ناپسندیدہ اخلاق کو (b) مذموم عادتوں کو (c) عمدہ اخلاق کو (d) قابل قبول اخلاق کو

ix. ابن حزم کا تعلق کس ملک سے ہے؟

(a) شام (b) اندلس (c) مصر (d) بحرین

x. تہذیب الاخلاق کس کی تصنیف ہے؟

(a) ابن مسکویہ (b) ابن حزم (c) ابن خلدون (d) شاہ ولی اللہ

حصہ دوم

2۔ سماج کے اسلامی تصور پر روشنی ڈالیے اور سماجی ذمہ داریوں کی وضاحت کیجیے۔

3۔ اسلام کا سیاسی تصور کیا ہے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

4۔ اسلام کے معاشی نظریات پر روشنی ڈالیے۔

5۔ صوفیا کے نظریہ اخلاق کی وضاحت کرتے ہوئے اسلام کے تصور اخلاق پر روشنی ڈالیے۔

6۔ ابن خلدون کے سماجی نظریات کا جائزہ لیجیے۔

7۔ جمہوریت اور سیکولرزم پر ایک مضمون لکھیے۔

8۔ معاشی سرگرمیوں کے حلال طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

9۔ امام غزالی کے اخلاقی نظریات کی وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ ابن خلدون اور شاہ ولی اللہ کے سماجی نظریات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

11۔ سماجی حقوق اور فرائض کے حوالے سے اسلام کی تعلیمات واضح کیجیے۔

12۔ اسلام کے سیاسی تصور میں بین الاقوامی تعلقات کی نوعیت پر گفتگو کیجیے۔

13۔ موجودہ دور کے معاشی مسائل میں اسلامی متبادل پر بحث کیجیے۔

14۔ اسلامی اخلاقیات زندگی کے کن میدانوں تک وسیع ہے؟ تفصیلی روشنی ڈالیے۔

☆☆☆

Thank You

شکریہ

https://www.youtube.com/@armaantechnologies

https://archive.org/details/@armaan_technologies